NYC Consumer and Worker Protection | Commission on Human Rights | Mayor's Office of Immigrant Affairs

# کارکنان کے حقوق کا بل

اگر اپ NYC کے کارکن ہیں تو، آپ کو اپنے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر حقوق حاصل ہیں۔

محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) نے سٹی، اسٹیٹ اور وفاقی قوانین کا یہ مجموعی جائزہ تیار کیا ہے تاکہ آپ کام پر اپنے حقوق کو جان لیں۔

*نوٹ: "ملازم" اور "خود مختار ٹھیکیدار" کارکنان کی مختلف درجہ بندیاں ہیں۔ ہم بتاتے ہیں جب کام پر موجود حقوق کسی خود مختار ٹھیکیدار پر لاگو ہوتے ہیں۔*

**I. DCWP کی طرف سے نافذ کام پر حقوق**

با معاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی
عارضی شیڈول میں تبدیلیاں
فاسٹ فوڈ کے کارکنان کے حقوق
ریٹیل اور یوٹیلیٹی کے حفاظتی کارکنان کے حقوق
فوڈ ڈیلیوری کارکن کے حقوق
فری لانس کارکن کے حقوق
نقل و حمل کے بینیفٹس
گروسری کارکنان کے حقوق

**II. دیگر ایجنسیوں کی طرف سے نافذ کام پر حقوق**

اقل اجرت اور گھنٹہ کے حقوق
مروجہ اجرت
بامعاوضہ فیملی کی چھٹی
فیملی اور طبی چھٹی کا ایکٹ
(Family and Medical Leave Act)
کارکنان کا معاوضہ اور معذوری کے فوائد
جبری مزدوری ممنوع ہے
محفوظ اور صحت مند جائے کار
امتیازی سلوک سے پاک جائے کار
منظم ہونے کا حق
بے روزگاری کے فوائد
صحت بیمہ
درست کارکن کی درجہ بندی
(ملازم یا خود مختار ٹھیکیدار)

**III. نوکری کی درخواست کے حقوق**

ادائیگی میں شفافیت
تنخواہ کی سرگزشت پر پابندی
ملازمتی ایجنسی استعمال کرتے وقت حقوق
خود کار ملازمت کے فیصلے کے ٹولز

# I. DCWP کی طرف سے نافذ العمل کام پر حقوق

یہ سیکشن NYC کے اہم محنت قوانین کے حقوق کو نمایاں کرتا ہے۔

نوٹ: یہ جامع نہیں ہے اور اس سے قانونی مشورہ لازم نہیں آتا ہے۔

*انتقامی کارروائی ممنوع ہے*

اپنے حقوق بروئے کار لانے یا بروئے کار لانے کی کوشش کرنے پر کارکنان کو سزا دینا، انہیں نکالنا، یا ان کے خلاف ملازمت کی ناموافق کارروائی کرنا غیر قانونی ہے۔ مشکوک انتقامی کارروائی کے بارے میں فوراً DCWP سے رابطہ کریں۔

*DCWP سے رابطہ کریں*

NYC کے اضافی محنت قوانین کے بارے میں جاننے کے لیے، سوال پوچھیں، شکایت دائر کریں:

- **nyc.gov/workers** ملاحظہ کریں
- **311** پر (NYC سے باہر 212-NEW-YORK پر) کال کریں اور کارکن کے تحفظ قانون کی وضاحت کریں

DCWP آپ کی شناخت خفیہ رکھے گا الّا یہ کہ از روئے قانون افشاء مطلوب ہو یا آپ اجازت دیں۔ DCWP آپ سے آپ کے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھے گا۔

## با معاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی

اگر آپ NYC میں کسی بھی سائز کے کاروبار یا غیر منفعتی ادارے میں جز وقتی یا کل وقتی طور پرکام کرتے ہیں یا اگر آپ گھریلو کارکن کے بطور NYC کے کسی گھرانے میں کام کرتے ہیں تو، آپ کو خود کی یا جس کو بھی آپ فیملی مانتے ہیں اس کی دیکھ بھال کے لیے 40 یا 56 گھنٹے تک کی چھٹی کا حق ہے۔ چھٹی کا استعمال کریں برائے:

- صحت، بشمول بیماری یا تدارکی طبی نگہداشت؛
- گھریلو تشدد، ان چاہے جنسی رابطہ، تعاقب، یا انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی وجہ سے حفاظت۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور با معاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی بولیں

## عارضی شیڈول میں تبدیلیاں

آپ کو مخصوص ذاتی واقعات کے مدنظر ہر سال دو کاروباری دنوں تک کے لیے عارضی شیڈول میں تبدیلیاں کرنے کا حق ہے۔ اس میں بلا معاوضہ چھٹی کرنے کا حق شامل ہے۔ ذاتی واقعات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- نگہداشت طفل؛
- فیملی کی یا گھرانے کے معذور ممبر کی نگہداشت؛
- عوامی فوائد سے متعلق سماعت؛
- NYC کے با معاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا قانون (Paid Safe and Sick Leave Law) قانون کے تحت کوئی استعمال۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور عارضی شیڈول میں تبدیلی بولیں

## فاسٹ فوڈ کے کارکنان کے حقوق

اگر آپ فاسٹ فوڈ میں کام کرتے ہیں تو، آپ لازماً حاصل کریں:

- باقاعدہ ہفتہ وار شیڈول؛
- شیڈول میں تبدیلی کے مدنظر اضافی ادائیگی؛
- نئی شفٹوں میں کام کرنے کی ترجیح؛
- برخاستگی، برطرفی، یا گھنٹے میں تخفظ سے نوکری کا تحفظ.

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور فیئر ورک ویک لاء بولیں

## ریٹیل اور یوٹیلیٹی کے حفاظتی کارکنان کے حقوق

اگر آپ ریٹیل بزنس اسٹور میں یا یوٹیلیٹی کی حفاظت میں کام کرتے ہیں تو آپ کو پہلی شٹ سے 72 گھنٹے پہلے ہفتہ وار کام کا آپ شیڈول مل جانا ضروری ہے۔

آپ کا آجر آخری وقت میں تبدیلیاں نہیں کر سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور فیئر ورک ویک لاء بولیں

## فوڈ ڈیلیوری کارکن کے حقوق

خود مختار ٹھیکیدران جو کسی ایپ کے لیے ریسٹورنٹ ڈیلیوریز کرتے ہیں انہیں حقوق حاصل ہیں۔

اگر آپ کسی ایپ کے لیے ریسٹورنٹ ڈیلیوریز کرتے ہیں تو، ایپس لازمی طور پر:

- آپ کو کم از کم ادائیگی کی شرح ادا کریں*؛
- آپ کو بتائیں کہ ہر ڈیلیوری کے کسٹمر کتنی بخشش دیتا ہے؛
- آپ کو آپ کی کل ادائیگی اور پچھلے دن کی بخششیں بتائیں؛
- آپ ریسٹورنٹ سے کتنی دور جائیں گے وہ آپ کو محدود کرنے دیں اور مخصوص پلوں اور سرنگوں کا استعمال کرنے سے منع کرنے دیں؛
- کوئی ڈیلیور آپ کے قبول کرنے سے پہلے آپ کو روٹ کی تفصیلات بتائیں؛
- آپ کو کم سے کم ہفتے میں ایک بار ادائیگی کریں۔

*کم از کم ادائیگی کی شرح میں اپ ڈیٹس ہر سال 1 اپریل کو ہوتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور ڈیلیوری کارکنان کہیں

## فری لانس کارکن کے حقوق

اگر آپ NYC میں ایک خود مختار ٹھیکیدار (فری لانس) ہیں تو، آپ کو لازماً ملے:

- ایک تحریری معاہدہ؛
- آپ کے کام کے لیے بروقت اور پوری ادائیگی۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور فری لانس کارکنان بولیں

## نقل و حمل کے بینیفٹس

اگر آپ NYC میں کاروبار یا غیر منفعتی ادارے میں کل وقتی طورپر 20 گھنٹے یا اس سے زیادہ کل وقتی نان یونین ملازم کے ساتھ کام کرتے ہیں تو، آپ کے آجر پر آپ کو نقل و حمل کے بینیفٹس پروگرام پیش کرنا ضروری ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور نقل و حمل کے بینیفٹس بولیں

## گروسری کارکنان کے حقوق

اگر آپ گروسری اسٹور میں کام کرتے ہیں جو بک گئی ہے تو، نئے مالک پر پچھلے مالک کے ملازمین کو 90 دن کی عبوری مدت تک برقرار رکھنا لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے:

- nyc.gov/workers ملاحظہ کریں
- 311 پر کال کریں اور گروسری کارکنان بولیں

# II. دیگر ایجنسیوں کی طرف سے نافذ کام پر حقوق

یہ سیکشن اہم سٹی، اسٹیٹ، اور وفاقی محنت قوانین کو نمایاں کرتا ہے جو ملازمین کا تحفظ کرتے ہیں۔ یہ NYC کے امتیازی سلوک مخالف کارکن کے ان تحفظات کو بھی نمایاں کرتا ہے جو بہت سارے اقسام کے کارکنان، بشمول خود مختار ٹھیکیداران کا احاطہ کرتے ہیں۔

نوٹ: یہ جامع نہیں ہے اور اس سے قانونی مشورہ لازم نہیں آتا ہے۔

## اقل اجرت اور گھنٹہ کے حقوق

آپ کو کم از کم ایک گھنٹہ وار اقل اجرت کی شرح موصول کرنے کا حق ہے۔

آپ کو گھنٹہ وار اقل اجرت کے علاوہ اضافی ادائیگی کا حق بھی حاص ہو سکتا ہے، بشمول:

- *اوور ٹائم کی ادائیگی:* ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کے لیے وقت اور آدھی ادائیگی۔
- *کال اِن پے:* قبل از وقت گھر بھیجے جانے کے لیے ادائیگی۔
- *شفٹ کی تقسیم اور گھنٹے کی ادائیگی کا پھیلاؤ:* تب ادائیگی کریں جب آپ کے کام کے دن کے آغاز اور اختتام میں 10 گھنٹے سے زیادہ کا فاصلہ ہو۔
- *یونیفارم کے مینٹیننس کی ادائیگی:* اگر آپ خود اپنا یونیفارم صاف کرتے ہیں تو ادائیگی۔

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- جب آپ کو بحال کیا جائے تب آپ کو ادائیگی کا ایک تحریری نوٹس دے؛
- آپ کو ہر ادائیگی والے دن تفصیلی اجرت کا گوشوارہ (ادائیگی کی پرچی) دے۔

آپ کو درج ذیل کے تعلق سے اضافی حقوق اور تحفظات حاصل ہیں:

- اجرتوں سے غیر قانونی کٹوتیاں؛
- آرام اور وقفے؛
- 18 سال سے کم عمر کے کارکن کی ملازمت۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | (“labor standards” تلاش کریں) dol.ny.gov

## مروجہ اجرت

اسٹیٹ اور سٹی کے قوانین کے تحت، ٹھیکیداروں پر سرکاری کام کے مخصوص ٹھیکیوں اور سرکاری فنڈنگ یا ٹیکس کے فوائد موصول کرنے والے مخصوص نجی پروجیکٹوں کے ماتحت کارکنان کے لیے اعلی تر اقل ادائیگی اور فوائد کے تقاضے پورا کرنا لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | (“prevailing wage” لاش کریں) dol.ny.gov

**New York City Comptroller**
212-669-3916 | (“prevailing wage” لاش کریں) comptroller.nyc.gov

## بامعاوضہ فیملی کی چھٹی

آپ کے آجر پر 12 ہفتے تک کی نوکری تحفظ یافتہ بامعاوضہ چھٹی فراہم کرنا لازم ہے :

- نو مولود، گود لیے ہوئے، یا رضاعی بچے کے ساتھ انسیت قائم کرنے کے لیے؛
- صحت کی سنگین کیفیت میں مبتلا فیملی ممبر کی نگہداشت کے لیے؛ یا
- جب شریک حیات،گھریلو پارٹنر، بچے، یا والدین کو فعال ملٹری سروس پر بیرون ملک تعینات کیا گیا ہو تو عزیزوں کی اعانت کرنے کے لیے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Paid Family Leave**
844-337-6303 | paidfamilyleave.ny.gov

## فیملی اور طبی چھٹی کا ایکٹ (Family and Medical Leave Act)

50 یا زائد ملازمین والے کارکنان پر اہل ملازموں کو 12 ہفتے کی *بلا معاوضہ* فیملی اور طبی چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**U.S. Department of Labor**
866-4-USWAGE (866-487-9243) | dol.gov

## کارکنان کا معاوضہ اور معذوری کے فوائد

اگر آپ اپنی نوکری کے براہ راست نتیجے کے طور بیمار یا زخمی ہو جاتے ہیں تو آپ نقد فوائد اور/یا طبی نگہداشت کا حق ہے۔

آپ کے آجر پر نوکری سے الگ ضرر یا بیماریوں، بشمول حمل یا وضع حمل سے متعلق معذریوں کے لیے عارضی معذوری کے فوائد بھی فراہم کرنا لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Workers' Compensation Board**
877-632-4996 | wcb.ny.gov

## جبری مزدوری ممنوع ہے

جبری مزدوری، جو انسانوں کی غیر قانونی تجارت کے بطور بھی معروف ہے، ایک سنگین جرم ہے۔ متاثرین جبر، فراڈ یا اجبار کی وجہ سے اپنی خواہش کے برخلاف کام کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے یا مدد حاصل کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**National Human Trafficking Hotline**
*(U.S. Department of Health & Human Services Administration for Children & Families)*
888-373-7888 (روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن)

**New York State Department of Labor Division of Immigrant Policies and Affairs**
877-466-9757 (پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام)

یہ ٹریفکنگ کے مخصوص متاثرین کے لیے دستیاب T ویزا نامی امیگریشن ریلیف کی ایک شکل ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا مدد حاصل کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**Mayor's Office of Immigrant Affairs Immigration Legal Support Hotline**
800-354-0365 (پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا 6 بجے شام)

## محفوظ اور صحت مند جائے کار

آپ کی جائے کار صحت و سلامتی کے خطرات سے پاک ہونا ضروری ہے۔ آپ کو نوکری کے خطرات کے بارے میں معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا بھی حق ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**Occupational Safety and Health Administration**
800-321-OSHA (800-321-6742) | osha.gov

آپ کو جائے کار میں حفاظت کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کارکنان اور مینیجروں کی جائے کار کی حفاظتی کمیٹی تخلیق کرنے کا حق ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | ("HERO Act" لاش کریں) dol.ny.gov

## امتیازی سلوک سے پاک جائے کار

سٹی، اسٹیٹ، اور وفاقی قوانین جنسی ہراسانی اور ملازمت میں امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ NYC کا امتیازی سلوک مخالف قانون ملازم، خود مختار ٹھیکیداران، انٹرنز، اور نوکری کے درخواست دہندگان کا احاطہ کرتا ہے۔

NYC میں، آجروں کے لیے تحفظ یافتہ زمروں کی بنیاد پر امتیاز کرنا غیر قانونی ہے، بشمول لیکن بلا تحدید:

- عمر
- سزا یابی کی سرگزشت (بہت سارے کیسز میں)
- معذوری
- صنف
- ترک وطن یا شہریت کی حالت
- ملکی بنیاد
- حمل
- نسل
- مذہب
- جنسی رجحان

*معقول سہولت*

NYC میں آجروں پر درج ذیل کی بنیاد پر معقول سہولتیں فراہم کرنا لازم ہے:

- معذوری (جسمانی یا ذہنی)
- حمل، بچے کی ولادت، چھاتی سے دودھ پلان
- مذہبی اعمال
- گھریلو تشدد (بشمول معاشی بدسلوکی)، جنسی تشدد، یا تعاقب کے متاثر کے بطور حیثیت

معقول سہولت میں کام کے شیڈول، فرائض، اور/یا ساز و سامان میں تبدیلی شامل ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**NYC Commission on Human Rights**
311 (امتیازی سلوک کا کہنا ہے) یا 212-416-0197 | nyc.gov/humanrights

**New York State Division of Human Rights**
888-392-3644 | dhr.ny.gov

**U.S. Equal Employment Opportunity Commission**
800-669-4000 | eeoc.gov

*مساوی ادائیگی*

آپ کو مساوی کام کے لیے مساوی ادائیگی کا اور اپنی ادائیگی پر اپنے ساتھی کارکنان سے گفتگو کرنے کا حق ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Attorney General**
800-771-7755 | ("equal pay" لاش کریں) ag.ny.gov

## منظم ہونے کا حق

آپ کام کرنے کے اپنے حالات میں اصلاح کے لیے، بشمول ایک یونین کا انتظام کرنے کے لیے اپنے ساتھی کارکنان کے ساتھ اکٹھا ہونے کا حق ہے۔ کام کرنے کے حالات کے بارے میں منظم ہونے یا اپنے ساتھی کارکنان سے بات کرنے پر آجرین آپ کے خلا قانونی کارروائی نہیں کر سکتے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**National Labor Relations Board**
844-762-NLRB (844-762-6572) | nlrb.gov

## بے روزگاری کے فوائد

آپ کے آجر پر بے روزگاری بیمہ رکھنا ضروری ہے جو 26 ہفتے تک عارضی آمدنی فراہم کرتا ہو، اگر آپ اپنی نوکری سے محروم ہو جائیں حالانکہ آپ کی اپنی کوئی غلطی نہ ہو اور فعال طور پر کام کی تلاش کر رہے ہوں۔ آپ کے پاس بے روزگاری کے فوائد کے لیے اہل قرار پانے کے واسطے کام کرنے کا قانونی اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔

مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-209-8124 | ("unemployment" لاش کریں) dol.ny.gov

## صحت بیمہ

اگر آپ کا آجر صحت بیمہ پیش کرتا ہے تو، آپ کو اپنی کوریج سے محروم ہونے یا نوکریاں تبدیل کرتے وقت صحت کے فوائد جاری رکھنے کا حق ہے۔

مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں:

**U.S. Department of Labor**
dol.gov (تلاش کریں "Employee Benefits Security Administration") | 866-444-3272

## درست کارکن کی درجہ بندی (ملازم یا خود مختار ٹھیکیدار)

بہت سارے کارکن کے حقوق صرف ان کارکنان پر لاگو ہوتے ہیں جن کی درجہ بندی ملازمین کے بطور ہوتی ہے۔

آیا آپ آجر یا خود مختار کارکن ہیں یا نہیں اس کا انحصار متعدد عوامل اور آپ کے کام کے انتظام کی نوعیت پر ہوتا ہے۔

غلط درجہ بندی تب ہوتی ہے جب آجرین ان کارکنان کے ساتھ جنہیں ملازمین خیال کیا جانا چاہیے خود مختار ٹھیکیداران کے بطور کام کرتے ہیں یا کارکنان کو ٹیکس ادا کیے بغیر "کتابوں سے الگ" ادائیگی کرتے ہیں۔ غلط درجہ بندی ملازمین کے بطور کارکنان کے حقوق اور فوائد کی تردید کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا غلط درجہ بندی کی رپورٹ کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
dol.ny.gov (تلاش کریں "misclassification") | 866-435-1499

# III. نوکری کے درخواست دہندہ کے حقوق

ہ سیکشن اہم سٹی، اسٹیٹ اور وفاقی قوانین کو نمایاں کرتا ہے۔

نوٹ: یہ جامع نہیں ہے اور اس سے قانونی مشورہ لازم نہیں آتا ہے۔

سٹی ایسے ملازمت کے متلاشیوں کو مفت مدد پیش کرتی ہے جن کے پاس کام کرنے کا قانونی اجازت نامہ ہو۔
Workforce1 Career Centers کے بارے میں مزید جاننے کے لیے NYC محکمہ برائے چھوٹی کاروباری خدمات سے رابطہ کریں:

- **nyc.gov/workforce1** ملاحظہ کریں
- **311** پر کال کریں اور Workforce1 بولیں

## ادائیگی میں شفافیت

بیشتر آجروں پر نوکری کی پوسٹنگ میں ادائیگی کی رینج بیان کردہ لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**NYC Commission on Human Rights**
nyc.gov/humanrights | 311 (پر کال Salary Transparency)

**New York State Department of Labor**
dol.ny.gov (لاش کریں "pay transparency") | 888-469-7365

## تنخواہ کی سرگزشت پر پابندی

آجرین بھرتی کرنے کے عمل کے دوران آپ کی تنخواہ کی سرگزشت کے بارے میں نہیں پوچھ سکتے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**NYC Commission on Human Rights**
nyc.gov/humanrights | 311 (امتیازی سلوک کا کہنا ہے)

**New York State Department of Labor**
dol.ny.gov (لاش کریں "salary history ban") | 888-469-7365

## ملازمتی ایجنسی استعمال کرتے وقت حقوق

ملازمتی ایجنسیوں کے پاس NYC میں کام کرنے کے لیے DCWP کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

ایجنسیاں جب تک آپ کو نوکری نہ دلوا دیں تب تک وہ کوئی فیس چارج نہیں کر سکتیں۔ فیس ریاستی قانون کے ذریعے طے کردہ زیادہ سے زیادہ رقم سے زائد نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ غیر قانونی فیس ادا کرتے ہیں تو، آپ ریفنڈ کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

ایجنسیوں پر آپ کو معاہدہ اور رسیدیں دینا لازم ہے۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**NYC Department of Consumer and Worker Protection**
nyc.gov/workers | 311 (پر کال Employment Agency Complaint)

# خود کار ملازمت کے فیصلے کے ٹولز

آجرین اور ملازمتی ایجنسیاں NYC میں خود کار ملازمت کے فیصلے کے ٹولز (automated employment decision tool, AEDT) کا استعمال نہیں کر سکتیں الّا یہ کہ وہ یقینی بنائیں کہ ایک غیر جانبدارنہ آڈٹ کیا گیا تھا اور ملازمین اور نوکری کے امیدواروں کو مطلوبہ نوٹس فراہم کریں۔

مزید معلومات کے لیے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

**NYC Department of Consumer and Worker Protection**
nyc.gov/dcwp | 311 (AEDT پر کال)